Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi
ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک
روزنامہ اتفاق نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: فیض الحسن
website : www.ittefaqnews.com
dailyittefaqnews1@gmail.com
MC-1432 رجسٹرڈ نمبر
جلد نمبر 14 | جمعرات 26 دسمبر 2024، 23 جمادی الثانی 1446ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 208

قائداعظم کے رہنما اصول

اتحاد ایمان اور تنظیم پر غیر متزلزل عزم کی تجدید کرتے ہیں

پاک فوج

پاکستان کی مسلح افواج قوم کی حفاظت، انصاف اور ہم آہنگی کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے اپنی عوام اور وطن کی خدمت کے لیے پرعزم ہیں

ہم اپنے مسیحی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ محبت، ہمدردی، اور امن کی ان آفاقی اقدار کا جشن مناتے ہیں جو اس موقع کی روح ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی، سروس چیفس اور پاکستان کی مسلح کا افواج بابائے قوم کو زبردست خراجِ تحسین کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کی جانب سے جاری ہونے والے پیغام میں کہا گیا ہے کہ مسلح افواج قائداعظم کی پائیدار بصیرت اور بے مثال قیادت کو خراج عقیدت پیش کرتی ہیں، جن کی انتھک محنت نے قوم کو یکجا کیا اور ایک خودمختار اور آزاد پاکستان کی بنیاد رکھی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



کورکمانڈر کراچی لیفٹیننٹ جنرل بابر افتخار نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر مزار قائد پر حاضری دی، کورکمانڈر کراچی نے بانی پاکستان کے مزار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی، کورکمانڈر کراچی نے مہمانوں کی کتاب میں تاثرات قلم بند کئے اور قائداعظم کو ان کی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا

کورکمانڈر کراچی لیفٹیننٹ جنرل بابر افتخار کی مزار قائد پر حاضری

کورکمانڈر کراچی نے بانی پاکستان کے مزار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورکمانڈر کراچی لیفٹیننٹ جنرل بابر افتخار نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر مزار قائد پر حاضری دی۔ کورکمانڈر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ایسے الزامات ہیں جیسے ٹرمپ پر لگائے گئے تھے

عمران خان کو رہا کیا جائے

امریکی ایلچی

ایٹمی صلاحیت کے حامل ملکوں سے ڈیل مختلف انداز سے کی جاتی ہے، نامزد وزیر خارجہ نے پاکستان کے میزائل پروگرام پر بات کرنے کی تیاری کی ہوئی ہے؛ رچرڈ گرینل کی انٹرویو میں گفتگو

ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے دور اقتدار میں اس وقت کی پاکستانی حکومت سے بہترین تعلقات تھے، پاکستان کے اسیر سابق وزیراعظم بھی ڈونلڈ ٹرمپ کی طرح سیاست میں مورثی طور پر نہیں آئے تھے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی رچرڈ گرینل نے کہا ہے کہ نامزد وزیر خارجہ نے پاکستان کے میزائل پروگرام پر بات کرنے کی تیاری کی ہوئی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے نامزدہ کردہ رچرڈ گرینل نے اس بات کا انکشاف ایک انٹرویو میں کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایٹمی صلاحیت کے حامل ملکوں سے ڈیل مختلف انداز سے کی جاتی ہے۔ پاکستان کی سابق حکومت کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں رچرڈ گرینل نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے دورِ اقتدار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ویٹی کن سٹی کے بشپ جرمانو پینے موٹ ملاقات کر رہے ہیں

کرسمس خیرسگالی کے آفاقی اصولوں کی یاد دلاتی ہے

آرمی چیف

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی راولپنڈی کے سینٹ کیتھیڈرل چرچ میں کرسمس کی تقریب میں شرکت

ایمان، اتحاد اور تنظیم کے اصولوں پر سختی سے کاربند رہنے کی وجہ سے پاکستان کا قیام ممکن ہوا، تقریب سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کرسمس کے موقع پر راولپنڈی کے سینٹ جوزف کیتھولک کیتھیڈرل چرچ کا دورہ کیا اور اقلیت کو قومی فخر اور قوت کا ذریعہ قرار دیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کرسمس کے موقع پر راولپنڈی کے سینٹ جوزف کیتھولک کیتھیڈرل چرچ میں مسیحی برادری کے ساتھ کرسمس کی خوشیاں منائیں۔ بیان کے مطابق یہ دورہ باہمی ہم آہنگی اور شمولیت کے جذبے کو اجاگر کرتا ہے، مسیحی برادری نے آرمی چیف کا پرتپاک استقبال کیا اور ان کی شرکت پر اظہارِ تشکر کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 13 خوارج جہنم واصل

24 اور 25 دسمبر کو سیکیورٹی فورسز نے جنوبی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا، آئی ایس پی آر

ہلاک ہونے والے خوارج سیکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردانہ کارروائیوں اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث تھے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں خفیہ اطلاع پر آپریشن کرتے ہوئے 13 خوارجی دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 24 اور 25 دسمبر کو سیکیورٹی فورسز نے جنوبی وزیرستان کے علاقے سراروغہ میں خوارج کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر آپریشن کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، اپریشن کے نتیجے میں 13 خوارج جہنم واصل ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ ہلاک ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بابائے قوم قائداعظم کا 148 واں یوم ولادت جوش و جذبے سے منایا گیا

دن کا آغاز وفاقی اور صوبائی دارالحکومتوں میں توپوں کی سلامی سے ہوا، نماز فجر کے بعد ملک میں امن خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کے چاق و چوبند دستے نے گارڈز کے فرائض سنبھال لئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا 148 واں یوم ولادت کراچی سمیت ملک بھر میں روایتی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ دن کا آغاز وفاقی اور صوبائی دارالحکومتوں میں توپوں کی سلامی سے ہوا، نماز فجر کے بعد ملک میں امن خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ بانی پاکستان کے یوم ولادت پر مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کے چاق و چوبند دستے نے گارڈز کے فرائض سنبھال لیے۔ اس موقع پر کمانڈنٹ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میجر جنرل افتخار حسن چوہدری نے مزار قائد پر سلامی دی۔ پھولوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

فوجی تنصیبات پر حملہ ہوگا تو ٹرائل بھی ملٹری کورٹ کریں گے

عطاء تارڑ

پی ٹی آئی سیاست نہ کرے، فوجی عدالتوں نے ٹرائل میں ملکی قانون اور عالمی قوانین کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی، وفاقی وزیر اطلاعات

تحریک انتشار ملٹری کورٹس پر سیاست کر رہی ہے، معاملے کو متنازع بنانے کی کوشش کر رہی ہے، فوجی عدالتوں کیخلاف ملک سے باہر لابنگ کی جارہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ فوجی تنصیبات پر حملہ ہوگا تو ٹرائل بھی فوجی عدالتیں ہی کریں گے، تحریک انصاف سیاست نہ کرے اور معاملے کو متنازع نہ بنائے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انتشار ملٹری کورٹس پر سیاست کر رہی ہے اور اس معاملے کو متنازع بنانے کی کوشش کر رہی ہے، یہ بات واضح ہے کہ فوجی عدالت ٹرائل صرف اسی وقت کرتی ہے جب دفاع ادارے پر حملہ ہو جیسا کہ کورکمانڈر ہاس، مردان میں، بالا حصار میں ہوا، جب آپ دفاع ادارے کی کسی عمارت پر حملہ کریں اور جلا گھیرا کریں تو اس ادارے کی ذمہ داری ہوتی ہے ملزمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ملک کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنانا ہماری ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ سندھ

حکومت معاشی، سیاسی استحکام، امن یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے، بگڑے ہوئے طبقے کی اصلاح ضروری ہے

امن وامان کے حوالے سے صوبائی اور وفاقی حکومت غیر قانونی تارکین وطن کو نکالنے کیلئے پرعزم ہے، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان کو دشمنوں کی سازشوں سے بچانا ہماری ذمہ داری ہے، مذاکرات جمہوریت کا حسن ہیں، بگڑے ہوئے طبقے کی اصلاح وقت کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر گورنر سندھ اور صوبائی کابینہ کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ قائداعظم نے پاکستان کی صورت میں ہمیں پیارا ملک دیا، پاکستان کو دشمنوں کی سازشوں سے بچانا ہماری ذمہ داری ہے، حکومت معاشی، سیاسی استحکام، امن یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پرانا گولیمار، زیر زمین واٹر ٹینک میں گیس بھرنے سے دھماکہ

میاں بیوی بیٹے سمیت 4 زخمی، طبی امداد کے لیے سول اسپتال برنس وارڈ منتقل

کراچی (کرائم رپورٹر) زیر زمین پانی کے ٹینک میں گیس بھرنے سے ہونیوالے دھماکے سے میاں، بیوی، بیٹے سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے۔ پاک کالونی کے علاقے پرانا گولیمار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اذہان کے والد کا ہرجانے کی رقم الخدمت کو دینے کا اعلان

عدالت نے کے الیکٹرک کو 48 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں بجلی کے کھمبے سے کرنٹ لگنے سے جان کی بازی ہارنیوالے کمسن اذہان کے والدین کو 6 سال بعد انصاف مل گیا، والد نے خوشی کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

احمد چنائے 3 بار شیروانی سلوا چکے، گورنر سندھ کا انکشاف

خالد مقبول بھائی نے کہہ دیا ہے کہ ان سے پوچھے بغیر کوئی نہیں ہٹا سکتا، وہ میرے پیچھے کھڑے ہیں، کامران خان ٹیسوری

میری گورنرشپ چھوٹی سی قیمت ہے، جانا ہوگی تو چلی جائے گی، اصل میری قوم ہے اور مجھے میری قوم اور مہاجر ہونے پر فخر ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے انکشاف کیا ہے کہ بیچارے احمد چنائے 3 بار شیروانی سلوا چکے ہیں۔ گورنر ہاؤس میں یوم ثقافت کی تقریب سے خطاب میں کامران ٹیسوری نے کہا کہ مہاجر ثقافت دن کو شہدا کی فیملیز کے نام منسوب کرتا ہوں۔ کوئی شک میں نہ رہے، پاکستان بنایا بھی ہم ہی نے تھا اور ہم ہی اسے بچائیں گے۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ میری گورنرشپ چھوٹی سی قیمت ہے، جانا ہوگی تو چلی جائے گی، اصل میری قوم ہے اور مجھے میری قوم اور مہاجر ہونے پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے کوئی ندامت یا شرمندگی نہیں، بار بار میڈیا پر چلتا ہے کہ آج جارہا ہوں کل جارہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کراچی کے چڑیا گھر میں پنجرا خالی ہے اور خستہ حالی کا شکار ہے

آذربائیجان کا مسافر طیارہ گر کر تباہ، 39 افراد ہلاک 33 زخمی

طیارے نے دھند کی وجہ سے اپنی سمت بھی تبدیل کی تھی اور ممکنہ طور پر پرندوں کے غول سے ٹکرا گیا تھا، غیر ملکی خبر ایجنسی کا انکشاف

طیارے میں عملے کے 5 افراد سمیت 72 مسافر سوار تھے، 21 زخمیوں کو اسپتال میں داخل کرلیا گیا' 11 سالہ بچی بھی شامل

کراچی (ویب ڈیسک) قازقستان کے شہر اکتا میں آذربائیجان کا مسافر طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس میں 39 افراد ہلاک اور 33 زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق طیارے میں عملے کے 5 افراد سمیت 72 مسافر سوار تھے۔ حادثے کا شکار طیارہ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو سے روس کے زیر تسلط ریاست جمہوریہ چیچن کے دارالحکومت گروزنی جارہا تھا لیکن دھند کی وجہ سے طیارے کا راستہ تبدیل کیا گیا۔ فوری طور پر حادثے کی وجہ کا تعین نہیں ہوسکا لیکن عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ طیارے میں فضا پرندوں کے ایک غول سے ٹکرایا تھا۔ قازقستان کی ہنگامی امور کی وزارت کا کہنا ہے کہ طیارہ حادثے میں 39 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

کورنگی کرسچن ٹاؤن میں مسیحی برادری کے بچے کرسمس کے دن جھولے جھول رہے ہیں

پولیس اہلکار کیساتھ ڈکیتی، ڈاکوؤں نے مزاحمت پر گولی ماردی

اہل کار اسپیشل برانچ میں تعینات ہے، راستے میں ڈکیتوں نے لوٹ مار کی کوشش کی

کراچی (کرائم رپورٹر) اسپیشل برانچ میں تعینات پولیس اہل کار کو ڈکیتی کے دوران مزاحمت کرنے پر ڈاکوں نے گولی مار کر زخمی کردیا۔ پولیس کے مطابق بنارس فلائی اوور پر دورانِ ڈکیتی مزاحمت پر گولی لگنے سے ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ تھانہ مومن آباد کی حدود میں موٹر سائیکل پر سوار سادہ لباس میں پولیس اہلکار عبداللہ کالج سے بنارس پل کے ذریعے میٹرو سینما سے اپنے گھر واقع اورنگی ٹان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

شادی ہالوں میں مہمانوں کے پرس چوری کرانے والا ملزم گرفتار

ملزم کے قبضے و نشاندہی پر چوری کئے گئے پرس اور شادی میں دیئے جانے والے لفافے بھی برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) شارع نور جہاں پولیس نے بیوی اور بیٹیوں کے ذریعے شادی ہالوں میں منعقدہ تقریبات میں مہمانوں کے پرس چوری کرانے والے ملزم کو گرفتار کر کے بیوی اور بیٹیوں کو حراست میں لے لیا، پولیس نے ملزم کے قبضے و نشاندہی پر چوری کیے گئے پرس اور شادی میں دیے جانے والے لفافے بھی برآمد کر لیے۔ اس حوالے سے ایس ایچ او شارع نور جہاں عابد شاہ نے بتایا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

کسٹمز نے 4 ارب 44 کروڑ روپے کی منشیات نذر آتش کردی

تلف کی جانے والی اشیاء میں غیر ملکی شراب، چھالیہ انڈین گٹکا، اجینوموتو شامل، کسٹم ترجمان

کراچی (کرائم رپورٹر) پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کراچی نے 4 ارب 44 کروڑ روپے کی اسمگل شدہ اشیا اور منشیات کو نذر آتش کردیا۔ ترجمان کسٹم کے مطابق اس حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سیکٹر کمانڈر رینجر بریگیڈیئر کبیر تھے علاوہ ازیں قانون نافذ کرنے والے ادارے، سندھ رینجرز، سندھ پولیس اور کسٹمز افسران بھی موجود تھے۔ تقریب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



نیکی کا قدم جنت کا راستہ
Reg. No. PCSW(S)-1114
رفتار ویلفیئر آرگنائزیشن
Raftar Welfare Organization

دوھا جیولرز اینڈ لون
پرانا زیور امانت میں دیں بلاسود قرض حاصل کریں | سونے کے زیورات قسطوں پر بھی دستیاب ہیں
DOHA JEWELLERS
EASY GOLD LOAN SERVICE
DOHA JEWELLERS CONTACT : 0300-9248604
www.dohajewellers.com

Advocate & Legal Consultants
The way to justice
* Cyber Crim & Family Cases * Civil & Criminal
* Health & Service * Insurance & Corporate
AFTAB ANJUM MEO
ADVOCATE HIGH COURT
Mobile : 0336-8181360
SAJID RAJPUT
ADVOCATE HIGH COURT
Mobile : 0333-3612443
Address: 2nd Floor Abid Chambers, Shahrah-e-Liaquat, New Chali, Karachi

گورنر سندھ کی کرسمس کے موقع پر سینٹ پیٹرک چرچ آمد

مجھے بہت خوشی ہوئی کہ دعاؤں کا مرکز پاکستان کی سلامتی اور ترقی تھا، کامران ٹیسوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کرسمس کے موقع پر سینٹ پیٹرک چرچ میں دعائیہ تقریب میں شرکت کی۔ دعائیہ تقریب میں انچارج فادر بینجمن شہزاد نے دعا کرائی، گورنر سندھ نے عیسائی برادری کو کرسمس کی خوشیوں پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ عیسائی برادری معاشی ترقی میں شانہ بشانہ ساتھ کھڑی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں اقلیت کو مکمل آزادی حاصل ہے۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے انچارج فادر بینجمن شہزاد کے ہمراہ سینٹ پیٹرک چرچ میں دعائیہ تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج بانی پاکستان کی پیدائش کا دن ہے، بابائے قوم کی سالگرہ پر سب کو مبارکباد دیتا ہوں۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ آج گورنر ہاؤس میں بابائے قوم کی سالگرہ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پاراچنار احتجاجی دھرنے سے اظہارِ یکجہتی کیلئے نمائش پر احتجاج جاری

حکومت کرم ایجنسی میں امن کے قیام میں ناکام ہوگئی ہے، معصوم بچوں کا بے رحمی سے قتل ملک میں فلسطین غزہ کی منظر کشی ہو رہی ہے' علامہ شہنشاہ حسین نقوی

پاراچنار تین جانب سے دہشت گردوں سے گھرا ہوا ہے ایسے حالات میں حکومت اور سکیورٹی اداروں کو ان کا ساتھ دینا چاہیے' معروف عالم دین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین کی جانب سے نمائش چورنگی پر کرم ایجنسی پاراچنار احتجاجی دھرنے سے اظہار یکجہتی کیلئے دیئے جانے والے دھرنا دوسرے روز بھی جاری رہا احتجاجی دھرنے میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سمیت سماجی شخصیات نے شرکت کی اور خطاب کیا۔ شرکائے دھرنے سے مرکزی خطاب معروف عالم دین علامہ شہنشاہ حسین نقوی کا کہنا تھا کہ حکومت کرم ایجنسی میں امن کے قیام میں ناکام ہوگئی ہے۔ وفاقی وصوبائی حکومتیں اور سکیورٹی ادارے پاراچنار کے حالات معمول پر لانے کیلئے صرف دعوے کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ماضی میں ملک دشمن عناصر نے کہا تھا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

گدھا گاڑی ریس میں حصہ لینے والے مالکان کی رجسٹریشن کا فیصلہ

کراچی میں گدھا گاڑی ریس ''سرتاج'' نامی گدھے نے جیت لی، مالک کو ایک لاکھ انعام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ کے محکمہ کھیل کی جانب سے کراچی میں گدھا گاڑی ریس کا انعقاد کیا گیا، جس میں گدھا گاڑی ریس "سرتاج" نامی گدھے نے جیت لی اور اس کے مالک کو ایک لاکھ روپے انعام میڈل اور ٹرافی سے نوازا گیا۔ سیکریٹری کھیل امور نوجوانان عبدالعلیم لاشاری کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ 40 سے زائد گدھا گاڑی ریس میں افراد نے حصہ لیا، جس میں پہلی پوزیشن سرتاج گدھے نے لی اور اسے ٹرافی سے نوازا گیا، جبکہ دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے گدھے بجلی کے مالک کو 75 ہزار، تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے گدھے "کالے" کو 50 ہزار اور چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے گدھے "چائے پتی" کو 25 ہزار کا انعام دیا گیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کسی مفادات کے متلاشی ٹولے کو کامیاب ہونے نہیں دینگے

ڈاکٹر عاشق شاہ

کچھ مفاد پرست عناصر ایک بار پھر سے ڈاکٹرز کے نام پر اپنے ذاتی مفادات حاصل کرنے کیلئے انتظامیہ کو بلیک میل کر رہے ہیں

ڈاکٹرز کے نام پر سیاست کرنے والے چند مفادات کے متلاشی افراد سول ہسپتال انتظامیہ کو یرغمال بنانا چاہتے ہیں' صدر پیپلز ڈاکٹر فورم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کسی کو اجازت نہیں دینگے کہ وہ انتظامیہ کو یرغمال بنائے ان خیالات کا اظہار پیپلز ڈاکٹرز فورم کراچی ڈویژن کے صدر ڈاکٹر عاشق حسین شاہ نے اپنے جاری بیان میں کیا ڈاکٹر عاشق حسین شاہ کا مزید کہنا تھا کہ شعبہ صحت کے ڈاکٹرز کیڈر میں ٹرانسفر پوسٹنگ معمول کا انتظامی امور ہے ہمیں خوشی ہے کہ گزشتہ سال کی نسبت اس سال گریڈ 17 سے 18، 19، اور 20 گریڈ میں ڈاکٹرز کی بہت بڑی تعداد میں پروموشنز کیے گئے جس سے شعبہ صحت میں بہت بہتری آ رہی ہے اور کچھ مفاد پرست عناصر ایک بار پھر سے ڈاکٹرز کے نام پر اپنے ذاتی مفادات حاصل کرنے کے لیے انتظامیہ کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ایمان، اتحاد، تنظیم، قائداعظم کے اصول رہنمائی کا ذریعہ ہیں، نواز بروہی

بابائے قوم کی سالگرہ ان کے عزم، بصیرت اور بے مثال حب الوطنی کی یاد دلاتی ہے، چیئرمین منگھوپیر

منگھوپیر ٹاؤن میں خصوصی تقریب کا انعقاد، کیک کاٹا گیا، پاکستان کی سلامت اور خوشحالی کیلئے دعائیں

کراچی (سٹی رپورٹر) چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن حاجی نواز علی بروہی کی سربراہی میں قائداعظم ڈے کے موقع پر خصوصی تقریب کا انعقاد، بابائے قوم کے یوم پیدائش کے حوالے سے کیک کاٹا گیا، پاکستان کی سلامت وخوشحالی کیلئے دعائیں، تفصیلات کیمطابق یوم قائداعظم کے حوالے سے ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، شرکائے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے کہا کہ 25 دسمبر کو ہم قائداعظم محمد علی جناح کی 148 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، جو ان کے عزم، بصیرت اور بے مثال حب الوطنی کی یاد دلاتی ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان کا قیام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

قائداعظم کے پیغام پر عمل کرنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہے

لیاقت علی ساہی

آج کا دن قائداعظم کے پیغام پر عمل پیرا ہونے کا موقع ہے کیونکہ ان کا شمار نا صرف پاکستان بلکہ برصغیر کے عظیم رہنماؤں میں ہوتا ہے

ہمیں اپنے اختلاف کو پس پشت ڈال کے یکجا ہو کر پاکستان کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' سیکریٹری جنرل ڈیموکریٹک فیڈریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانی پاکستان بابائے قوم حضرت محمد علی جناح رح کے 148 ویں یوم پیدائش کے موقع پر سیکریٹری جنرل ڈیموکریٹک ورکرز فیڈریشن لیاقت علی ساہی نے اپنے جاری کردہ پیغام میں انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن قائداعظم کے پیغام پر عمل پیرا ہونے کا موقع ہے کیونکہ ان کا شمار نا صرف پاکستان بلکہ برصغیر کے عظیم رہنماؤں میں ہوتا ہے اس کے علاوہ انہوں نے ہمیں ایک آزاد ریاست پاکستان کا تحفہ دیا جس کو حاصل کرنے کے لیے انہوں نے اور ہمارے بزرگوں نے بیشمار خدمات سرانجام دینے کے ساتھ جانوں کی بھی قربانیاں دی ہیں جو ہمیشہ سنہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ابوبکر صدیقؓ کی سیرت وکردار امت کیلئے روشنی کا مینار ہے' سلیمان یوسفزئی

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دور خلافت بے مثال اصلاحات سے عبارت ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کراچی ڈویژن کے ناظم اطلاعات سلیمان یوسفزئی نے خلیفہ بلافصل سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے یوم وفات کی مناسبت سے مسلم میڈیا سیل سے جاری بیان میں کہا کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت اسلامی تاریخ کا روشن باب ہے۔ آپ کی سیرت وکردار امت کے لئے روشنی و رہنمائی کا مظہر ہے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دور خلافت بے مثال اصلاحات سے عبارت ہے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار امت کے لئے روشنی اور رہنمائی کا مینار ہے، خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں دین اسلام کی وہ مثالی خدمت کی کہ امت مسلمہ تاقیامت ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

قائداعظم کی شخصیت اعلی اخلاقی اقدار اور مثالی کردار کی حامل تھی، راجہ اظہر

یہ دن اس عزم کی تجدید کا ہے جو قائداعظم نے ہمارے لیے چھوڑا تھا، صدر پی ٹی آئی کراچی ڈویژن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی کراچی ڈویژن کے صدر راجہ اظہر نے کہا ہے کہ آج ہمارے بابائے قوم، قائداعظم محمد علی جناح کا 148 واں یوم پیدائش ہے۔ یہ دن اس عزم کی تجدید کا ہے جو قائداعظم نے ہمارے لیے چھوڑا تھا۔ قائداعظم کی شخصیت اعلی اخلاقی اقدار اور مثالی کردار کی حامل تھی۔ انہوں نے مذہب کے جمہوری اور انصاف پر مبنی اصولوں پر عمل کرتے ہوئے عزت و وقار حاصل کیا۔ قائداعظم نے سیاست میں مسلمانوں کی ذہنی تعمیر نو کے لیے ایک مینارِ نور کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے دو قومی نظریے کی بنیاد رکھی اور مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کو یقینی بنایا۔ ان کی قیادت میں دنیا کی سب سے بڑی اسلامی ریاست اور دو قومی نظریے کی بنیاد پر ایک آزاد وطن کا قیام ممکن ہوا۔ آج پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پانی کے مسائل اور کمی پر کچھ لوگ سیاست کر رہے ہیں

مرتضیٰ وہاب

شہر کو پانی کی قلت کا سامنا ہے لیکن ایک جماعت کے لوگ سڑکوں پر پانی ضائع کر رہے تھے' ریڈ لائن اس وقت ہماری حکومت کے لیے باعث شرمندگی ہے

سیاسی جماعت کے لوگ میرے دفتر کے پانی کے کنکشن کو کاٹ دیتے، کینجھر سے کراچی کو ملنے والا پانی لامحدود نہیں ہے' مزار قائد پر بات چیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کو انکی پیدائش پر عقیدت کا اظہار کرتے ہیں، قائداعظم نے پیارا پاکستان دیا انکے خواب کو پورا کرنے کے لیے ہم پوری کوشش کرینگے، ریڈ لائن اس وقت ہماری حکومت کے لیے باعث شرمندگی ہے۔ میئر کراچی نے قائداعظم کے یوم پیدائش پر شہریوں کی جانب سے مزار قائد پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ انہاس کراچی ایک آزاد کمپنی ہے۔ میں اس بورڈ کا رکن ہوں۔ ریڈ لائن اس وقت ہماری حکومت کے لیے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

تبت سینٹر میں یوم صدیق اکبرؓ کے مناسبت سے اہلسنت والجماعت کی جانب سے مدح صحابہ جلوس کے شرکاء سے مرکزی صدر اہلسنت والجماعت علامہ اورنگزیب فاروقی خاب کرتے ہوئے

تحصیل اسپورٹس آفیسر بھکر تقرری پر مختیار حسین خان کو مبارکباد

کھیلوں کے فروغ میں خدمات قابل تحسین، محنت ولگن سے نوجوانوں کو آگے بڑھنے کی ترغیب دی

بھکر کیلئے اعزاز قرار، نصیر اللہ، عبدالجبار، عظمت شیر، سمیع اللہ، عبدالحفیظ کی جانب سے نیک خواہشات

بھکر (مانیٹرنگ ڈیسک) مختیار حسین خان کو میانوالی سے بھکر بطور تحصیل اسپورٹس آفیسر تبادلے پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں اور مبارکباد پیش کرتے ہیں، آپ نے کھیلوں کے فروغ کیلئے جو بے مثال خدمات انجام دی ہیں وہ قابل ستائش وتحسین ہیں، آپ کی محنت اور کھیلوں سے محبت نے نوجوانوں کو آگے بڑھنے اور کامیاب ہونے کی ترغیب دی، بھکر کے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ آپ جیسا مخلص اور محنتی شخص ان کے درمیان ہوگا، نصیر اللہ خان ایلیٹ رگبی کلب، پی آر او ہائیوے پیٹرولنگ پولیس، عبدالجبار انچارج جم، عظمت شیر کوچ، سمیع اللہ اور عبدالحفیظ نے مشترکہ بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ ملیر میں حسن سلیمان میموریل اسپتال کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

DOHA JEWELLERS
IQRA JEWELLERS
AL RAUF GROUP
axact BUILDERS & DEVELOPERS
The Skyscraper Builders & Developers
IRM ITTEHAD REAL MARKETING
ALI LAKHANI BUILDERS
THE CROWN Builders & Developers
AL TAWAKKAL BUILDERS & DEVELOPERS
SHAYAN ICONIC BUILDERS
AQ BUILDERS ALHAMD Residency
DADI ASSOCIATES BUILDERS & DEVELOPERS
AAA&Y.S.F ENTERPRISES Builders & Developers
Shadow MOTORS Drive your Dreams
برج الحرم BURJ-UL-HARAM
UNIQUE
UNIQUE BATTERIES
I.B BUILDERS & DEVELOPERS
Hayat & Company BUILDERS & DEVELOPERS YOUR TRUST
METRO GROUP BUILDERS & DEVELOPERS
C.H.K KARIM ENTERPRISE'S BUILDERS & DEVELOPERS
AL-JANNAT GROUP
POONAWALA BUILDER & DEVELOPERS
abad Association of Builders And Developers of Pakistan Since 1972
OK ESTATE & BUILDERS
Sawera
WC WING CONSTRUCTIONS
A PROJECT OF IDEAL GROUP
Fibbi BUILDERS & DEVELOPER
HASHMANI BUILDERS
JUMANI GROUP OF COMPANIES
PAK CITY Pvt. Ltd.
NORTHERN DREAMS
HIGHNESS BUILDERS AND DEVELOPERS
IDEAL GOLD VISTA
RIDA Builders & Developers
AL-MUBDI Builders & Developers
KINGDOM BUILDERS & DEVELOPERS
SUPER FIREWORKS SUPER FIRE WORKS
ZUBAIDA HEIGHTS
MARKETED BY MOTIWALA ECO MARKETING NETWORK & EVENT ORGANIZER
Metro Jewellers Pieces of Art
Z&B ENTERPRISES Let your dreams be our project
MAC BUILDERS & DEVELOPERS
PSG GROUP OF COMPANIES
Dua RESTAURANT

website : www.ittefaqnews.com, Email : dailyittefaqnews1@gmail.com 03100018168 چیف ایڈیٹر و پبلشر فیض الحسن نے نیو محمدی پرنٹنگ پریس، نمبر 07، اولڈ ریلی بلڈنگ، تالپور روڈ سے چھپوا کر پلاٹ نمبر 193 قاسم آباد لیاقت آباد، کراچی سے شائع کیا۔ آفس نمبر:

Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi
ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک
روزنامہ اتفاق نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: فیض الحسن
www.ittefaqnews.pk
dailyittefaqnews1@gmail.com
MC-1432

جلتا ہے مگر شام و فلسطین پہ مرا دل

شام میں عبوری حکومت کے کمانڈر انچیف نے کہا ہے کہ ہر قسم کا اسلحہ ریاست کے کنٹرول میں رہے گا، جلد ہی شام کے مسلح دھڑے خود کو تحلیل کر کے شامی فوج میں داخل ہونے کا اعلان شروع کر دیں گے۔ دوسری جانب اسرائیل کی غزہ میں جارحیت کا سلسلہ جاری ہے مزید 58 فلسطینی شہید کر دیے گئے۔ عیسائیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس نے ایک ہی خاندان کے سات بچوں کو بمباری کر کے قتل کرنے کی اسرائیلی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں اسرائیلی بمباری جنگ نہیں ظلم ہے۔ خوش آیند بات یہ ہے کہ عبوری حکومت کی جنرل کمان نے شام میں برسرِ پیکار مسلح دھڑوں کو غیر مسلح کرنے اور ان کی شامی فوج میں شمولیت کا اعلان کیا ہے، اس طرح کسی بھی قسم کی خانہ جنگی کے خطرات سے نمٹا جا سکے گا۔ البتہ عبوری سیٹ اپ نے چند روز بیشتر اس بات کا عندیہ بھی دیا تھا کہ تشدد میں ملوث فوجیوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ شام میں قیامِ امن کا بہت حد تک انحصار اس پر ہوگا کہ یہ کارروائی کس طرح کی ہوگی، کیونکہ انتقامی کارروائی کا سلسلہ اگر ایک بار شروع ہو گیا تو پھر شام میں امن قائم نہیں ہو پائے گا، وہاں خانہ جنگی کے نئے باب کا آغاز ہو جائے گا، اس کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ جو باغی افواج ہیں، دوسرے شامی عوام ہیں، وہ صبر و تحمل سے کام لیں۔ پچھلی رجیم سے جڑے لوگوں اور دوسری تنصیبات سے منفی رویہ نہ اپنائیں۔ توڑ پھوڑ اور انتقامی کارروائی سے گریز کریں۔ وہ شکایتیں جو انھیں اسد رجیم سے رہی ہیں، ان کا اعادہ نہ کریں اور اس صورتحال سے شامیوں کو نقصان کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ بشار الاسد شام چھوڑ کر روس چلے گئے ہیں۔ حافظ الاسد کے زمانے سے ہی شام کے روس سے مستحکم تعلقات رہے ہیں۔ ایران سے بھی شام کے تعلقات بہتر رہے ہیں لیکن ہم نے دیکھا کہ ایران سے بغیر کوئی مدد مانگے بشار الاسد نے روس کی طرف کوچ کیا اور وہاں پناہ لی۔ اب ایران، ترکیہ اور سعودی عرب کو مل کر ایک ایسا راستہ تلاش کرنا ہوگا جس سے اسرائیل گولان پہاڑیوں کو نشانہ نہ بنا سکے، اس کا اثر و رسوخ کم ہو۔ اس میں عرب لیگ اور خلیجی تعاون کونسل کو اہم اور کلیدی رول ادا کرنا ہوگا۔ اسد حکومت کے خاتمے کے بعد پوری دنیا کی نظریں اس بات پر لگی ہوئی ہیں کہ آنے والے دنوں میں شام میں اقتدار کی تصویر کیا ہوگی۔ شام میں نئی حکومت کیسے قائم ہوگی کیونکہ اسد حکومت کو گرانے والے باغی جنگجوں سمیت مختلف گروپ اقتدار میں زیادہ حصہ داری کا دعویٰ کریں گے؟ ان میں سے متعدد گروہ ہیں جو مختلف نظریات کے حامل ہیں اور وہ ملک کو اپنے نظریے کے مطابق چلانے پر اصرار کریں گے۔ اس بات کا بہت کم امکان ہے کہ نئی حکومت کی طرز حکمرانی اور پالیسیوں کے حوالے سے ان سب میں اتفاق رائے ہو۔ جہاں تک شام کی آزادی، خود مختاری اور علاقائی سلامتی کا تعلق ہے ترکیہ، ایران، سعودی عرب، روس اور اقوام متحدہ کی طرف سے شام کی آزادی خود مختاری اور علاقائی سلامتی کے تحفظ پر زور دیا گیا ہے، البتہ اسرائیل کے حالیہ اقدامات جن میں دمشق اور مشرقی شام کے علاقوں پر بمباری اور گولان کی مقبوضہ سطح مرتفع کے ساتھ واقع بفر زون میں اسرائیلی قبضہ شامل ہے، یوں شام کی نہ صرف آزادی بلکہ علاقائی سلامتی اور اندرونی استحکام کے لیے شدید خطرات ہیں۔ اس کے ساتھ امریکی سینٹرل کمانڈ کی طرف سے دمشق میں مبینہ طور پر داعش کے ٹھکانوں پر 75 فضائی حملے بھی خطرے کی گھنٹی ہیں۔ داعش کی آڑ میں شام کے خلاف اسرائیل اور امریکی فوجی اقدامات کا مقصد شام کے سیاسی حالات پر اثر ڈالنے کے سوا اور کچھ نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگرچہ شام تین کروڑ سے بھی کم آبادی اور تیل کی دولت سے محروم عرب دنیا کا ایک چھوٹا اور محدود آمدنی والا ملک ہے

وہ اِس قوم سے بہت مختلف تھا

تحریر : ذوالفقار احمد چیمہ

کرپشن ہماری خوراک بن چکی اور جھوٹ، فریب اور فراڈ ہمارے رگ و پے میں اتر چکے ہیں۔ اپنے لیڈروں اور ہم وطنوں کی کرتوتیں اور اس کے نتیجے میں ہونے والی ملک کی بدنامی اور بربادی دیکھ کر سوچنے لگتا ہوں کہ اس قوم کے قائد اور اس ملک کے بانی کس قسم کی شخصیت تھے، کیا وہ بھی ہماری طرح اپنا ذاتی مفاد ہی عزیز رکھتے تھے، کیا وہ بھی ضرورت پڑنے پر جھوٹ بول لیتے تھے، کیا محمد علی جناح بھی وعدہ کر کے توڑ دیتے تھے اور کیا وہ بھی ملک کے حکمران ہونے کی حیثیت سے قانون کو ہاتھ کی چھڑی اور جیب کی گھڑی سمجھتے تھے؟

جناح صاحب کی اصل شخصیت جاننے کے لیے میں نے امریکی مورخ سٹینلے وولپرٹ سمیت کئی غیر مسلم رائٹرز کی کتابیں بھی پڑھیں مگر میں مطمئن نہ ہوا اور پھر میں نے ان افراد کی کتابیں اور تحریریں پڑھیں جو پاکستان کے بانی کو قریب سے جانتے تھے، جنھوں نے ان کے ساتھ کام کیا تھا اور جو ان کی سوچ، فکر اور طرزِ زندگی سے مکمل آگاہی رکھتے تھے۔ اس سلسلے میں میں نے قائد کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح، ایم اے اصفہانی، قائد کے اے ڈی سی جنرل گل حسن اور سر محمد شفیع کی صاحبزادی بیگم شاہنواز کی کتابیں پڑھیں اور پھر معروف صحافی منیر احمد منیر کی تحقیقی تالیف دی گریٹ لیڈر میں قائد کے ذاتی اسٹاف اور انھیں قریب سے جاننے والوں کے مکمل انٹرویو پڑھے تاکہ قائد کی شخصیت کا پوری طرح اندازہ ہو سکے۔

تمام غیر مسلم مورخ اس بات پر متفق ہیں کہ بیسویں صدی کا سب سے دیانتدار اور بلند کردار سیاسی لیڈر بیرسٹر محمد علی جناح تھا جس کا دامن شبنم کی طرح صاف اور پاکیزہ تھا۔ قائد کو بہت قریب سے جاننے والے تمام لوگ ان کی خوش لباسی کے علاوہ ان کے دل و دماغ میں رچا ہوا قانون کا احترام، ڈسپلن کی پابندی اور میرٹ کی سربلندی کا خصوصاً ذکر کرتے ہیں۔ محمد علی جناح کی شخصیت دیانتداری اور قانون کی عملداری (rule of law) کا نمونہ تھی لہٰذا اس کا بنایا ہوا پاکستان تو رول آف لا کا نمونہ ہونا چاہیے تھا اور اس کے پاکستان میں ایمانداری اور رزقِ حلال کا کلچر پروان چڑھنا چاہیے تھا مگر بدقسمتی سے اس کے ملک میں صورتِ حال بالکل برعکس ہے۔

ان کے تمام اسٹاف ممبران جن میں مختلف اوقات میں کام کرنے والے اے ڈی سی شامل ہیں، اس بات کا خاص طور ذکر کرتے ہیں کہ وہ ڈسپلن اور وقت کی سختی کے ساتھ پابندی کرتے تھے۔ ان کے سابق اے ڈی سی گروپ کیپٹن آفتاب احمد بتاتے ہیں کہ ان کی کابینہ میں ایک دو وزیر وقت کی پابندی کے اتنے قائل نہیں تھے، وہ تاخیر سے آتے تو قائد انھیں ڈانٹ دیتے تھے۔ ایک وزیر تقریب میں یا میٹنگ میں ایک دو بار لیٹ ہوا تو قائداعظم نے انھیں اپنے طریقے سے سمجھایا، جب وہ باز نہ آیا اور تیسری بار ایک پارٹی میں تاخیر سے پہنچا تو قائد نے سب کے سامنے کہا: دیکھیے، اگر آپ وقت پر نہیں آسکتے تو آپ کے لیے بہتر ہے کہ میری پارٹی میں بالکل نہ آیا کریں۔

جناح صاحب کے معمولات میں بڑی باقاعدگی تھی۔ وقت پر اٹھنا، وقت پر دفتر جانا، اور وقت پر کام شروع کر دینا۔ کھانے اور سونے کے اوقات بھی مقرر تھے۔ ڈسپلن اور سیلف کنٹرول ان کی شخصیت کے بڑے نمایاں پہلو تھے۔ انھیں اپنے اوپر اس قدر کنٹرول تھا کہ وہ اپنے جذبات ظاہر نہیں ہونے دیتے تھے۔ اے ڈی سی آفتاب احمد کہتے ہیں کہ قائد متکبر نہیں ایک شفیق انسان تھے، لکھتے ہیں میں اس وقت فلائٹ لیفٹیننٹ تھا اور چکلالہ میں تعینات تھا۔ ایک بار ایک سگنل آ گیا کہ کانگریس کے صدر چکلالہ سے گزریں گے۔

بیس کمانڈر انھیں ریسیو کریں اور پھر انھیں سی آف کہیں۔ بیس کمانڈر اور میں وہاں پہنچ گئے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کانگریس کے صدر کی حیثیت سے چکلالہ بیس پر اترے۔ ہم نے انھیں سیلیوٹ کیا مگر انھوں نے ہم سے ہاتھ تک نہ ملایا اور چلے گئے۔

انگریز بیس کمانڈر کو بہت برا لگا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد ایک بار قائداعظم مسلم لیگ کے صدر کی حیثیت سے چکلالہ بیس پر اترے، انگریز بیس کمانڈر اور میں جہاز سے کچھ فاصلے پر کھڑے تھے، قائداعظم باہر تشریف لائے، ہم نے اسی طرح انھیں بھی سیلوٹ کیا، وہ ہماری طرف آئے ہمارے ساتھ ہاتھ ملایا اور ہماری خیریت دریافت کی۔ جاتی دفعہ پھر وہ ہماری طرف آئے، ہمارے ساتھ باتیں کیں اور کہا، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ میرے استقبال کے لیے یہاں آئے۔ بیس کمانڈر نے قائداعظم کے رویئے کی بہت تعریف کی۔ سابق اے ڈی سی بتاتے ہیں:

قائد کی ڈانٹ کا طریقہ بڑا منفرد قسم کا تھا، جب وہ کسی سے ناراض ہوتے تو نام کے ساتھ مسٹر لگا دیتے۔ مثلاً آفتاب نہیں کہیں گے مسٹر آفتاب کہیں گے۔ ایک بار میری پیشی ہوئی جب میں اندر گیا تو فرمایا مسٹر آفتاب سٹ ڈان۔ کہنے لگے پتا ہے تمہارا بل کتنا ہے؟ میں نے کہا جی میں نے ادا کر دیا ہے کہنے لگے تمہارا بل زیادہ ہے اور اتنا زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ تمہارا رینک کیپٹن کا ہے، آپ کو اپنی ذات پر اس قدر خرچ نہیں کرنا چاہیے۔ گھر والوں کو بھی بھیجنا چاہیے چونکہ قائدِ اعظم کفایت اور بچت پر یقین رکھتے تھے، اس لیے وہ اپنے عملے کی فضول خرچی کو بھی ناپسند کرتے تھے۔

قائد اپنے آپ کو قوم کے ایک ایک پیسے کا امین سمجھتے تھے، اس لیے سرکاری پیسے کو اپنے ذاتی پیسوں سے کہیں زیادہ عزیز سمجھتے اور بڑی کفایت شعاری برتتے تھے۔ ایک بار کیبنٹ میٹنگ سے پہلے اے ڈی سی نے گورنر جنرل سے پوچھا سر! کابینہ کے ارکان کے لیے چائے کے ساتھ کیا لوازمات منگوائے جائیں؟ اس پر قائد نے کہا وہ گھر سے ناشتہ کر کے آئیں گے۔

اس لیے میٹنگ میں کچھ بھی کھانے پلانے کی کوئی ضرورت نہیں لہٰذا جب تک بانی پاکستان زندہ رہے، کیبنٹ میٹنگ میں کھانوں اور کھابوں کی ریت نہیں پڑ سکی۔ مجھے خود بھی اعلیٰ سطحی میٹنگوں کا تجربہ ہے اور میں جانتا ہوں کہ کس طرح افسران اور حکمران، غریب قوم کے پیسے کو شیرِ مادر سمجھتے ہیں اور کس طرح صاحبانِ اقتدار سرکاری فنڈز کا بے دریغ استعمال کرتے ہیں، مگر ہمارا قائد ہم سے بالکل مختلف تھا۔ اسے بددیانتی، بے اصولی، دروغ گوئی، قانون شکنی اور اسراف سے نفرت تھی۔ وہ اقربا پروری کو اسقدر ناپسند کرتے تھے کہ ان کے سگے بھائی نے ان کے عہدے سے فائدہ اٹھانا چاہا تو اسے ملنے سے ہی انکار کر دیا۔ جب کہ آج کے حکمران۔ تو اپنے پورے خاندان بلکہ نسلوں تک کو سنوار دیتے ہیں۔

ایک بار ایک اہم الیکشن میں مسلم لیگ کے ایک لیڈر نے کہا سر! تیسرا امیدوار جو خاصے ووٹ خراب کرے گا، ہمارے حق میں بیٹھنے کے لیے تیار ہے مگر اسے کچھ پیسے دینے ہوں گے۔ یہ سنکر قائد نے تجویز دینے والے لیڈر سے ناراض ہو کر کہا ہم ایسا کام ہرگز نہیں کریں گے جو قانون اور اخلاقی اصولوں کے خلاف ہو آج کے سیاستدان تو کرپشن اور قانون شکنی کو سیاست کا لازمی حصہ سمجھتے ہیں۔

قائدِ اعظم کے سابق اے ڈی سی جنرل گل حسن لکھتے ہیں کہ گورنر جنرل کی حیثیت سے وہ ایک بار ملیر کی طرف جا رہے تھے کہ ریلوے کراسنگ پر پھاٹک بند تھا لہٰذا ان کی کار رک گئی۔ میں کار سے اتر کر گیٹ کیپر کے پاس گیا اور اسے کہا کہ ابھی ٹرین تو نہیں آ رہی، گورنر جنرل کو انتظار کرانا ٹھیک نہیں۔ اس نے گیٹ کھول دیا۔ میں واپس آیا تو قائد سخت ناراض ہوئے اور کہا گل اگر میں قانون کا احترام نہیں کروں گا تو پھر اور کون کرے گا؟ آیندہ ایسی حرکت کبھی نہ کرنا ایک عام سے قانون (minor law) کے لیے بھی ان کے دل میں احترام کا یہ عالم تھا۔

زیارت میں ان کی دیکھ بھال پر معمور نرس نے جب اپنے تبادلے کی بات کی تو اپنا بٹوا منگوا کر اسے خاصی رقم انعام کے طور پر دی مگر ساتھ ہی کہا کہ گورنر جنرل کو پوسٹنگ اور ٹرانسفر کے معاملات میں دخل دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے اس لیے کہ وہ آیندہ آنے والے حکمرانوں کے لیے کوئی غلط روایت چھوڑ کر نہیں جانا چاہتے تھے مگر بعد والوں نے قائد کی اچھی روایتوں کو بھی پامال کر دیا اور چھوٹے اور بڑے قوانین کو پاں تلے روند ڈالا۔

بلاشبہ وہ ہم جیسا نہیں تھا۔ وہ اپنی قوم سے بہت مختلف اور منفرد تھا۔ سید ہاشم رضا اگست 1947 میں گورنر سندھ کے سیکریٹری تھے، وہ قائد کی 7 اگست 1947 کو کراچی آمد کا نقشہ اس طرح کھینچتے ہیں اس روز لوگ صبح ہی ماڑی پور کے ہوائی اڈے پر پہنچ گئے، شام تک ہر طرف انسانی سر ہی سر تھے۔ جہاز اترا تو مجھے یوں لگا جیسے لوگوں نے اپنے قائد کا جہاز اپنے سروں پر اٹھا لیا ہے۔

قائد کی جھلک دیکھ کر لوگوں نے اتنی شدت سے قائداعظم زندہ باد کا نعرہ لگایا کہ محاور نہیں واقعتاً زمین و آسمان دہل گئے۔ لاکھوں انسان اپنے بلند کردار راہنما کو دیکھ کر وجد میں آ گئے تھے۔ ملک میں صرف ایک تصویر ایسی ہے کہ جب کسی تقریب میں اسکرین پر نمودار ہوتی ہے تو امیر ہو یا غریب، ان پڑھ ہو یا پی ایچ ڈی، کلرک ہو یا چیف سیکریٹری ریڑھی والا ہو یا ارب پتی سب ایک جیسی عقیدت کے ساتھ کھڑے ہو جاتے ہیں اور تالیاں بجا کر اپنی دلی محبت کا اظہار کرتے ہیں اور وہ تصویر صرف محمد علی جناح کی ہے۔

جیل اصلاحات کی ضرورت

تحریر : ڈاکٹر توصیف احمد

جیل خانہ جات کے قیام کا مقصد معاشرے سے جرم کو کم کرنا اور مجرموں کی اخلاقی تربیت کر کے ان کو ملک و قوم کے لیے فائدہ مند شہری بنانا ہے۔

ذیل میں چند مسائل ہیں جن کو حل کر کے اور چند تجاویز ہیں جن پر عمل کر کے جیل اسیران بالخصوص سزا یافتہ قیدیوں کو سازگار ماحول فراہم کیا جائے تاکہ وہ بھی معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں۔ Skill Development Institution کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ پنجاب کی تمام 43 جیلوں میں جو حوالاتی یا قیدی ضمانت نہ ہونے کی وجہ سے برسوں سے جیل میں رہتے ہیں، ان کا کاروبار یا نوکری ختم ہو چکی ہوتی ہے ان کو ہنرمند بنا کر جیل سے رہا کرنا حکومت کے لیے ترجیحی عمل ہونا چاہیے۔

ان اسیران کو مختلف کورسز جیسا کہ آئی ٹی، کمپیوٹر اور مصنوعی ذہانت اور فری لانسنگ وغیرہ کروائے جائیں۔ یہ کام پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت بھی ہو سکتا ہے۔ فلاحی تنظیمیں ان جیل اسیران کی تعلیم، صحت اور لیگل ایڈ میں دلچسپی لیں۔ انڈور گیمز جیسا کہ بیڈمنٹن والی بال اور دیگر جسمانی سرگرمیاں قیدیوں کی ذہنی اور جسمانی صحت کے لیے بہت ضروری ہیں۔ تمام قیدیوں کو انڈور گیمز کھیلنے کی اجازت ہونی چاہیے بشمول سزائے موت کے قیدیوں کے۔

حکومت جیل ریفارمز کا اعلان کرتی ہے، عدالتیں بھی اس بات پر فیصلے کرتی ہیں لیکن یہاں پر عمل درآمد نہیں کیا جاتا۔ کھیلوں کے مواقع نہ ہونے کی وجہ سے قیدی منفی سرگرمیوں میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ جیل میں قیدیوں کے لیے ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اسکول ٹیچرز موجود ہیں۔

بچے کل اسیران کی تعداد کا 5 فیصد سے بھی کم ہوتے ہیں جب کہ 95 فیصد سے زائد بڑے اسیران کے لیے جو پڑھنا چاہتے ہیں یا اپنی تعلیم کو جاری رکھنا چاہتے ہیں ان کے لیے نہ تو کوئی اسکول یا کالج ہے نہ ہی استاد، اندازہ لگائیں پنجاب کی جیلوں میں 60 ہزار سے زائد اسیران جن کے پاس بہت زیادہ وقت ہوتا ہے تعلیم و ہنر سیکھنے کی بنیادی انسانی سہولت سے محروم ہیں۔ یہاں پر صرف اتنی سہولت ہے کہ طالب علم داخلہ بھیج سکتا ہے اور خود ہی تیاری کر کے امتحان دے سکتا ہے۔

اخلاقی تربیت کی زیادہ ضرورت جیل میں ہوتی ہے۔ فوجداری مقدمات میں سزا یافتہ قیدیوں بالخصوص سزائے موت کے قیدیوں کی اپیلیں جو اعلیٰ عدالتوں میں زیر سماعت ہیں ان اپیلوں کی سماعت کے متعلق قانون میں ترمیم کی جائے اور اپیلوں کی بروقت سماعت ممکن بنائی جائے۔ نومبر 2024 میں سپریم کورٹ کے محترم جج صاحبان کی تعداد کو دگنا کر دیا گیا ہے۔

اسی طرح ہائیکورٹس میں محترم جج صاحبان کی اسامیاں فوری طور پر پوری کی جائیں تاکہ بروقت انصاف کا حصول ممکن ہو۔ معزز ہائی کورٹس کے محترم جسٹس صاحبان جیلوں کے دورے کیا کریں تاکہ قیدیوں کے مسائل کے واقفیت ہو اور ان کے علم میں ہو غریب لوگ جیل میں برسوں سے ان کی توجہ کے منتظر ہیں۔ معزز ہائی کورٹس میں سزائے موت کے قیدیوں کے اپیل کی سماعت نہ ہو تو اس کی ایک صورت یہ ہوتی ہے کہ محترم جج صاحب اس کی آیندہ تاریخ سماعت خود مقرر کر دیتے ہیں، دوسری صورت میں دوبارہ اپیل کو سماعت کے لیے مقرر Left Over ہو جاتی ہے۔ Left Over وہ اپیل کروانے کے لیے ہر بات پیسے یعنی رشوت ادا کرنی پڑتی ہے اور سائلین کو بار بار عدالتوں کے چکر لگانا پڑتے ہیں۔ اگر یہ مقرر کر دی جائیں تو غریب سائل اضافی مالی بوجھ یعنی بدعنوانی کی صورت میں اور ذلت سے بچ سکتے ہیں۔

پاکستان میں اس وقت جیلوں میں 6 ہزار 161 سزائے موت کے قیدی موجود ہیں۔ گزشتہ سال یہ تعداد 6 ہزار 39 تھی۔ سزائے موت کے قیدیوں کے حقوق کے لیے جدوجہد کرنے والی غیر سرکاری تنظیم JPP نے ایک رپورٹ Death Penalty in Pakistan Data Mapping Capital Punishment کے عنوان سے تیار کی ہے۔

اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سزائے موت پانے والے قیدیوں کی تعداد 2505 ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ اگرچہ صدر پاکستان کو آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت سزائے موت کے قیدی کو معاف کرنے کا اختیار ہے مگر بہت سی وجوہات کی بنا پر بہت کم قیدی صدرِ پاکستان کو اپیل کرنے کا حق استعمال کر پاتے ہیں۔ سپریم کورٹ نے عمر قید کے 34 سال گزرنے کے بعد باعزت رہا ہونے والے شخص کے فیصلے میں لکھا ہے کہ ہم اپنی غلطی کو تسلیم کر رہے ہیں۔ کیا ایگزیکٹو بھی اپنی غلطی تسلیم کرے گی؟ فیصلے میں مزید لکھا گیا ہے کہ حکومت، ریاست، عدالتیں، وکلا اور ملزم سب کو اپنی اپنی غلطی ماننی چاہیے۔

ایک سینئر وکیل نے سزائے موت کے قیدیوں کی ناگفتہ بہ صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیشن عدالت ملزموں کو سزائے موت دیتی ہے مگر ہائی کورٹ اور پھر سپریم کورٹ میں سیشن عدالت کے فیصلوں کے خلاف اپیل کی سماعت میں دس، دس سال گزر جاتے ہیں۔

سپریم کورٹ میں گزشتہ ہفتہ 10 سال سے موت کے منتظر فرد کی سزا کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا۔ پولیس کے نظام اور قانون کی باریکیوں کو جاننے والے باشعور شہری اور وکلا کا کہنا ہے کہ پولیس کا سارا زور غریبوں پر چلتا ہے، یوں سزائے موت پانے والے سینئر افراد میں سے بیشتر افراد بے گناہ ہوتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے خاندان غریب وکلا کی بھاری فیس اور عدالتی عملہ اور جیل کے عملے کو رشوت دیتے ہوئے بے حال ہو چکے ہوتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے موجودہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنا عہدہ سنبھالتے ہی جیلوں میں اصلاحات کا بیڑا اٹھایا ہے۔ جیل میں نظر بند قیدیوں کی اب آخری امید چیف جسٹس ہیں۔

سید محی الدین خشک میوہ جات جامی کمرشل ڈی ایچ اے سہیل میڈیکل کے ساتھ عرصہ دراز سے ٹھیلے پر پاراچنار کی اچھے معیاری مونگ پھلی دستیاب ہے اور دوسری جانب سید محی الدین عرف شاہ جی کے ساتھ علاقہ مکین کی تصویر کے مناظر

پاک نیوزی لینڈ سیریز، آئی پی ایل ٹیمز کیلئے پریشانی بن گئی

کئی کیوی کرکٹرز سیریز اور فرنچائز لیگ کے ٹکراؤ کی وجہ سے ٹیموں کی نمائندگی سے قاصر رہ سکتے ہیں

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے دورہ اگلے برس پاکستان کا دورہ انڈین پریمیر لیگ (آئی پی ایل) کی معروف فرنچائز کیلئے پریشانی کا سبب بن گیا۔ اگلے برس چیمپئنز ٹرافی کے باعث پاکستان سپر لیگ اور انڈین پریمیر لیگ کی ونڈو میں تصادم ہوگا جس کی وجہ سے پلیئرز کیلئے دو بڑی لیگز میں کسی ایک چننا ہوگا۔ تاہم اگلے برس 16 مارچ سے 5 اپریل تک نیوزی لینڈ کی ٹیم کو 5 ٹی 20 میچز اور 3 ون ڈے میچز کیلئے پاکستان کا دورہ کرنا ہے اسی دوران آئی پی ایل کا آغاز 14 مارچ سے ہوگا، جس میں کئی نامور کیوی کرکٹرز فرنچائز ٹیموں کا حصہ ہیں۔ دورہ پاکستان کی وجہ سے انڈین پریمیر لیگ) آئی پی ایل (کی معروف فرنچائز چنائی سپر کنگز کے 12 اہم کھلاڑی ڈیون کونوے اور راچن روینڈرا ابتدائی میچز سے محروم رہ سکتے ہیں، جس کا نقصان ٹیم کو بھگتنا پڑ سکتا ہے۔ چنائی سپر کنگز کے علاوہ گجرات ٹائٹنز کو گلین فلپس ممبئی انڈین کو مچل سینٹر اور ٹرینٹ بولٹ جبکہ پنجاب کنگز کو لوکی فرگوسن کی خدمات سے ہاتھ دھونا پڑ سکتا ہے۔ دوسری جانب سابق کیوی کپتان کین ولیمسن کو اگلے برس آئی پی ایل 2025 نیلامی میں کسی ٹیم نے اپنے اسکواڈ کا حصہ نہیں بنایا ہے۔ واضح رہے کہ نیوزی لیں ڈنے حال ہی میں اسپنر مچل سینٹر کو نیوزی لینڈ کا وائٹ بال کپتان نامزد کیا تھا۔

چیمپئنز ٹرافی، 2017 کے مقابلے کتنی انعامی رقم ملنے کی توقع ہے؟

پاکستان کو 2017 میں فاتح کی حیثیت سے 2.2 ملین ڈالر کا چیک ملا تھا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے اگلے برس پاکستان کی میزبانی میں ہونیوالی چیمپئنز ٹرافی کیلئے انعامی رقم کا اعلان نہیں کیا تاہم گزشتہ ایڈیشن میں فاتح ٹیم کو کتنی انعامی رقم ملی تھی۔ اگلے برس فروری اور مارچ میں کھیلی جانے والی چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول گزشتہ روز باضابطہ طور پر آئی سی سی نے جاری کیا، جو ہائبرڈ ماڈل کے تحت کھیلی جائے گی۔ ایونٹ ٹورنامنٹ کا آغاز 19 فروری کو کراچی میں ہوگا اور فائنل 9 مارچ کو کھیلا جائے گا، دنیائے کرکٹ کی 8 ٹیموں پر مشتمل اس ٹورنامنٹ میں کل 15 میچز کھیلے جائیں گے۔ پاکستان میں، راولپنڈی، لاہور اور کراچی ٹورنامنٹ کے کھیل کی میزبانی کرنے والے 3 مقامات ہوں گے جبکہ ہر وینیو پر 3 گروپ میچز کھیلے جائیں گے۔ سال 2017 میں انگلینڈ اور ویلز میں ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے 4.5 ملین ڈالر کی انعامی رقم رکھی گئی تھی، جس میں 8 ٹیموں کے ٹورنامنٹ کے فاتح یعنی پاکستان کو 2.2 ملین ڈالر کا چیک دیا گیا تھا۔ ٹورنامنٹ کے رنر اپ یعنی بھارت کو 1.1 ملین ڈالر کا چیک تھمایا گیا تھا۔ دیگر دو سیمی فائنلسٹ ہر ایک کو 450,000 ڈالر ملے تھے، ہر گروپ میں تیسرے نمبر پر آنے والی ٹیموں کو ہر ایک کو 90,000 ڈالر جبکہ ہر گروپ میں آخری نمبر پر آنے والی ٹیموں کو محض 60,000 ڈالر ادا کیے گئے تھے۔ سال 2013 میں ہوئی چیمپئنز ٹرافی) جو بھارت نے جیتی تھی (کے مقابلے 2017 میں 500,000 ڈالر کا اضافہ ہوا تھا۔

سمرونٹر اور پیرا اولمپکس گیمز کے گولڈ میڈلسٹ کو ایک کروڑ کا انعام ملے گا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان اسپورٹس بورڈ نے میڈلسٹ کھلاڑیوں کیلئے انعامی رقم میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ سمرونٹر اور پیرا اولمپکس گیمز کے گولڈ میڈلسٹ کو اب ایک کروڑ روپے انعام ملے گا۔ اولمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر 75 لاکھ اور کانسی کے تمغے پر 50 لاکھ انعام ہوگا۔ ایشین گیمز کے گولڈ میڈلسٹ کو 75 لاکھ، سلور میڈلسٹ کو 50 لاکھ، برانز میڈلسٹ کو 30 لاکھ ملا کریں گے۔ کامن ویلتھ گیمز میں سونے کا تمغہ جیتنے پر 50 لاکھ، چاندی کے تمغے پر 30 اور کانسی کے میڈل پر 20 لاکھ انعام ہوگا۔ اسی طرح اسپیشل اولمپکس ورلڈ گیمز کیلئے 5 لاکھ، 3 لاکھ اور 2 لاکھ روپے انعام رکھا گیا ہے جبکہ بلائنڈ ورلڈ گیمز اور ڈیف اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ کو 20 لاکھ، 10 لاکھ اور 5 لاکھ کی انعامی رقم سے نوازا جائے گا۔ نیشنل گیمز اور قائد اعظم گیمز کے انفرادی گولڈ میڈل ونرز کو 10 لاکھ روپے ملیں گے۔ کیش ایوارڈ پالیسی کے تحت تمام میڈلسٹس کو گولڈ کارڈ بھی جاری ہوگا جو اس کارڈ کے ذریعے پی ایس بی اور کوچنگ سینٹرز کی تمام سہولیات پا سکے گا۔ پی ایس بی اور کوچنگ سینٹرز کے ہوسٹلز میں 20 دن کیمفٹ قیام کی سہولت بھی ہوگی۔ ترجمان پی ایس بی کے مطابق انعامی رقم بڑھانے سمیت دوسری تمام سہولیات کی منظوری 4 دسمبر کو پاکستان اسپورٹس بورڈ کے اجلاس میں دی گئی تھی۔

آئی سی سی رینکنگ، بابر اعظم کی بادشاہی قائم، شاہین کی تنزلی

صائم ایوب جنوبی افریقا کیخلاف تین میچز میں 2 سنچریاں اسکور کر کے 24 ویں نمبر پر آ گئے

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ون ڈے فارمیٹ کی نئی رینکنگ جاری کر دی۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ نئی رینکنگ کے مطابق سابق کپتان بابر اعظم کی ون ڈے فارمیٹ میں بادشاہی تاحال برقرار ہے جبکہ فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کی تنزلی ہوئی ہے۔ بیٹرز کی رینکنگ میں بابر اعظم کی 795 رینگ پوائنٹس کیساتھ پہلی پوزیشن پر قابض ہیں جبکہ انکے علاوہ کوئی پاکستانی ٹاپ 10 میں شامل نہیں، فخر زمان 17 ویں پوزیشن پر براجمان ہیں۔ اسی طرح جنوبی افریقا کیخلاف تین میچز میں 2 سنچریاں اسکور کرنیوالے اوپنر صائم ایوب نے 57 درجے کی بڑی جھلانگ لگاتے ہوئے 24 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ بولرز کی رینکنگ میں شاہین آفریدی کی ایک درجہ تنزلی ہوئی ہے اور وہ تیسرے نمبر پر آ گئے ہیں جبکہ ون ڈے آل راونڈرز کی فہرست میں کوئی پاکستانی ٹاپ 10 میں شامل نہیں ہے۔

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ میگا ایونٹ 19 فروری سے کراچی میں شروع ہوگا جس میں 8 ممالک کے درمیان 15 میچز کھیلے جائیں گے، پاکستان اور بھارت کا ہائی وولٹیج ٹاکرا 23 فروری کو دبئی میں ہوگا۔ لاہور اور دبئی میں 4، 4 میچز کھیلے جائیں گے، نیشنل بینک اس

بقیہ نمبر 1

ہم پاراچنار کو غزہ بنائیں گے آج وہ ثابت کررہے ہیں معصوم بچوں کو بے رحمی سے دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا ملک میں فلسطین غزہ کی منظرکشی ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاراچنار تین جانب سے دہشتگردوں سے گھرا ہوا ہے ایسے حالات میں حکومت اور سیکورٹی اداروں کو ان کا ساتھ دینا چاہئے انہوں نے کہا کہ کرم ایجنسی پاراچنار کی عوام محبِ وطن ہیں ہمیشہ انہوں نے ملک کا دفاع کیا ہے راستے کی بندش نے ضلع کی عوام کو شدید مشکلات میں ڈالا ہوا ہے جواب بحران کی شکل اختیار کرتا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ پاراچنار میں فرقہ واریت نہیں اندرونی و بیرونی ملک دشمن عناصر کی سازشیں جاری ہیں۔انہوں نے کہا جب تک پاراچنار کے لوگ دھرنہ دیئے ہوئے ہیں یم بھی اظہار یکجہتی بیٹھے ہیں. منعظم سازش کے تحت پاراچنار کی عوام کو بند گلی تک لیجایا گیا ہے . جو کسی صورت قبول۔نہیں پورے ملک میں پرامن احتجاجی سلسلے بڑھیں گے۔جب تک پاراچنار کی عوام کے مطالبات کو تسلیم نہیں کیا جاتا ہمارا احتجاج جاری رہے گا. احتجاجی دھرنے سے علامہ حسن ظفر نقوی، علامہ مختار امامی، شیخ صادق جعفری سمیت دیگر شریک تھے

بقیہ نمبر 2

.سیکریٹری کھیل سندھ عبدالعلیم لاشاری کا کہنا تھا کہ وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر کی ہدایت پر گدھا گاڑی ریس کے مالکان کی رجسٹریشن کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، رجسٹریشن کرنے کے بعد گدھا گاڑی ریس کے مالکان کو مالی اور انتظامی مدد فراہم کی جائے گی، گدھا گاڑی ریس کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ جانوروں کی بہبود کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے . انہوں نے کہا کہ گدھا گاڑی ریس کو سندھ میں مزید پروموٹ کریں گے، وزیر کھیل سندھ سردار محمد بخش مہر کی ہدایت پر محکمہ کھیل سندھ ضلعی سطح پر مختلف گیمز کروا رہا ہے، سندھ کے نوجوانوں میں کھیلوں سے متعلق بہت ٹیلنٹ موجود ہے . اس موقع پر سیکریٹری کھیل سندھ نے گدھا گاڑی ریس میں شرکت کرنے والے دیگر شائقین کو تعریفی اسناد جبکہ محکمہ کھیل کے افسران عادل احمد جمانی، ڈائریکٹر امداد علی ابڑو اور دیگر کو بھی شیلڈ دیئے گئے

بقیہ نمبر 3

کیا ہے کہ ایس ایس پی سمیت متعلقہ ادارے واقعہ کا نوٹس اور نمائندہ جسارت کے پوتے واخبار کے باکر نعیم بلوچ سے لوٹ مار کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سزا اور لوٹا گیا سامان چوروں سے واپس کرایا جائے۔

بقیہ نمبر 4

عمل میں آیا، ایمان، اتحاد اور تنظیم کے اصول آج بھی ہمارے لیئے رہنمائی کا ذریعہ ہیں، بابائے قوم کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ان کی بے مثال جدوجہد اور انصاف و مساوات پر گہرا یقین ایک ایسے ملک کی بنیاد بنا جس کا وجود آج ان کے نظریات کا مظہر ہے، بحیثیت ذمہ دار شہری یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کے خوابوں کو پورا کریں اور اجتماعی طور پر ایک خوشحال اور پرامن پاکستان کیلئے کام کریں، منگھوپیر ٹاؤن میں ہم ترقی کو فروغ دینے اور اپنی کمیونٹی کی ضروریات کو دیانتداری اور لگن کے ساتھ پورا کرنے کیلئے پرعزم ہیں، آیئے قائداعظم کے ورثے کو تعلیم، رواداری اور محنت کے ذریعے زندہ رکھیں تاکہ پاکستان ان کے خوابوں کے مطابق ترقی کر سکے، ایک ایسی سرزمین جو مواقع، انصاف اور اتحاد کی علامت ہو، اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرے کہ ہم اپنے پیارے وطن کی خدمت کریں اور اس موقع پر مسیحی برادری کے مذہبی ایونٹ کرسمس کے حوالے سے بھی کیک کاٹا گیا اور مسیحی برادری کو مبارکباد دی گئی، تقریب کے اختتام پر پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے، اس موقع پر ان کے ہمراہ میونسپل کمشنر آغا خلیق، وائس چیئرمین رانا محمد عارف، ڈسٹرکٹ ویسٹ کے انفارمیشن سیکرٹری علی اکبر کاچھیلو، پیپلز یوتھ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر اختر لوٹہ ،صدر پی ایس 97 ستار بروہی، وائس چیئرمین رانا محمد عارف، ڈسٹرکٹ ویسٹ کے انفارمیشن سیکرٹری علی اکبر کاچھیلو، پیپلز یوتھ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر اختر لوٹہ ،صدر پی ایس 97 ستار بروہی، وائس چیئرمین نور محمد چنہ، لیڈیز ممبر شازیہ بلوچ، لیبر کونسلر خلیفہ میر، پیپلز لیبر یونین کے صدر منور سجاد، اور ٹاؤن کے افسران عملہ و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 5

70فیصد شہر کو پانی کی فراہمی بند ہوئی تھی۔ واٹر کارپوریشن کے مطابق مرمت مکمل کرکے پانی کی فراہمی شروع کردی گئی ہے، لیکن اب تک بیشتر علاقوں میں پانی دستیاب نہیں۔

بقیہ نمبر 6

کرسمس کی تقریبات کا اہتمام بھی کیا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ گورنر ہاؤس میں بابائے قوم اور کرسمس کا کیک بھی کاٹیں گے، کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ آج مسیحی برادری کی بھی عید کا دن ہے، پاکستان میں بسنے والی تمام مسیحی برادری کو کرسمس کی مبارکباد دیتا ہوں ، گورنر سندھ نے کہا کہ آج چرچ میں دعائیہ تقریب میں بھی شریک ہوا اور مجھے بہت خوشی ہوئی کہ دعاؤں کا مرکز پاکستان کی سلامتی اور ترقی تھا۔گورنر سندھ نے کہا کہ میرا ایک ہی مشن ہے صوبے کے لوگوں کو آئی ٹی میں ماہر بنانا، اور اس وقت گورنر ہاؤس میں پچاس ہزار بچے آئی ٹی کورسسز کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ گورنر ہاؤس کے دروازے سب کے لیے کھلے ہوئے ہیں۔ آخر میں گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے انچارج فادر بینجمن شہزاد کو پھولوں کا گلدستہ اور مٹھائی دی۔

بقیہ نمبر 7

بلیک میل کررہے ہیں پیپلز ڈاکٹرز فورم اس کی بھرپور انداز میں مذمت کرتی ہے کوئی بھی انتظامی فیصلہ بہتری کے لیے کیا جاتا ہے ڈاکٹرز کے پروموشنز گریڈ 18 سے گریڈ 19 میں اور گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں ہونا معمول کا حصہ ہے جبکہ ڈاکٹرز کے نام پر سیاست کرنے والے چند مفادات کے متلاشی افراد سول ہسپتال انتظامیہ کو یرغمال بنانا چاہتے ہیں جو کہ پیپلز ڈاکٹرز فورم کراچی ڈویژن کسی طور پر ہونے نہیں دے گی۔ڈاکٹر عاشق شاہ کا مزید کہنا تھا کہ سندھ کے شعبہ صحت میں گزشتہ چند ماہ کے دوران سندھ پبلک سروس کمیشن کے تحت ڈاکٹرز کی ایک بہت بڑی تعداد نے کمیشن پاس کیا ہے اور انہیں پوسٹنگ آرڈرز بھی ملنا شروع ہو چکے ہیں جبکہ کوڈ کنٹریکٹ ڈاکٹرز کو بھی ریگولرائز کیا جارہا ہے ایسے میں چند مفاد پرست عناصر نئے آنے والے ڈاکٹرز کو بھی آنکھیں دکھا رہے ہیں اس پر بھی پیپلز ڈاکٹرز فورم کراچی ڈویژن نے اپنا لاہے عمل بنالیا ہے اس کا آئندہ چند روز میں باقاعدہ اعلان کیا جائے گا۔پیپلز ڈاکٹرز فورم کراچی ڈویژن انتظامیہ کے شانہ بہ شانہ ہے کسی مفادات کے متلاشی ٹولے کو کامیاب ہونے نہیں دینگے

بقیہ نمبر 8

کے اس احسان کو نہیں بھول سکتی۔انہوں نے کہا کہ خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کا دور خلافت اسلامی تعلیمات کا عملی مظہر اور اسلامی تعلیمات کا زریں حصہ تھا۔سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جس تدبر، حکمت اور عزم و استقامت سے فتنوں کا قلع قمع کیا انسانی تاریخ میں اس کی مثال نہیں مل سکتی۔خلیفہ اول کے دور خلافت کی فتوحات، کامیابیاں و کامرانیاں ایسے عنوانات سے عبارت ہیں جس پر اسلام کی تاریخ کو ہمیشہ فخر رہے گا۔مزید کہا کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیت المال قائم کر کے معذوروں، یتیموں اور مستحقین کے سروں پر دست شفقت رکھا۔ آپ نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے جھوٹے مدعیان نبوت کی سرکوبی کی اور اپنے شاندار عمل سے ثابت کیا کہ عشق مصطفیٰ ﷺ اور عقیدہ ختم نبوت ایمان کی اساس ہے۔انہوں نے کہا کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ریاست مدینہ کے اندر تمام شہریوں کو ان کے جائز حقوق و مقام دیا اور بہترین حسن انتظام سے تعلیمات مصطفوی ﷺ کو مضبوط و مستحکم بنیادوں پر استوار کیا۔ خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا زمانہ خلافت نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ کا عملی پیکر تھا۔آج کے حکمران سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حکومتی اور انتظامی ماڈل سے سیکھیں۔

بقیہ نمبر 9

میں کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ مختیار حسین خان بھکر میں بھی کھیلوں کی ترقی میں اپنا بہترین کردار ادا کریں گے، دعا ہے کہ آپ کا یہ سفر کامیابیوں سے بھرپور ہو، انہوں نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے مبارکباد دی

بقیہ نمبر 10

تحائف تقسیم کیے۔کرسمس کے موقع پر مسیحی برداری کے مرد و خواتین سمیت بچوں نے نئے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔انہوں نے ایک دوسرے کو مبارکباد دینے سمیت کیک اور دیگر تحائف کا تبادلہ کیا۔کرسمس کی مناسبت گھروں میں دعوتوں کا اہتمام کیا گیا ۔اس موقع کی مناسبت سے خصوصی پکوان تیار کیے گئے ہیں۔کرسمس کے حوالے مسیحی برداری کی آبادیوں میں بہت رونق دیکھنے میں آئی۔

بقیہ نمبر 11

باسمتی چاول کی ملکیت حاصل کرنے کیلیے یورپی عدالت میں درخواست دائر کردی۔ یورپی یونین نے دعویٰ کیا ہے کہ اس طرح کی رسائی اسلام آباد کے ساتھ اس کے بین الاقوامی تعلقات کو نقصان پہنچائے گی۔واضح رہے کہ چاولوں کی اقسام میں باسمتی کو منفرد حیثیت حاصل ہے اور اس کو بریانی، پلاؤ کیلیے استعمال کیا جاتا ہے۔یہ دونوں پکوان باسمتی کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور بھی ہیں۔ویسے تو یہ چاول پاکستان اور بھارت دونوں میں پیدا ہوتا ہے اور یورپ میں اس کی برآمد دونوں ممالک کی جانب سے ہوتی ہے لیکن بھارت کی جانب سے باسمتی چاول کو اپنے ٹریڈ مارک کے طور پر فسلک کرنے کی کوششوں میں لگا رہا ہے جس پر اسے ایک بار پہلے بھی ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔بھارت کے اس عمل سے پاکستان میں نہ صرف چاول کی پیداوار بلکہ پاکستان کی برآمدی منڈی کو بڑا دھچکا لگنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 12

ہمارے پاس قائداعظم کا انمول تحفہ ہے۔ ہم پاکستان کے تحفظ اور ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ عمران خان نے پاکستان کی خوشحالی اور فلاح کے لیے بے شمار خدمات انجام دی ہیں۔ قائداعظم آج بھی ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔

بقیہ نمبر 13

الفاظ میں یاد رکھی جائیں گیں انہوں نے کہا کہ جناح کے پیغام پر آج عمل کرنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہے اور ان کے پیغام کی پیروی کرتے ہوئے آج ہمیں اپنے اختلاف کو پس پشت ڈال کے یکجا ہو کر پاکستان کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور ہم سب کو مل کر اپنے وطنِ عزیز کی ترقی و خوشحالی کے لیے مزید محنت کرنی ہوگی تاکہ ہمارا پیارا ملک مزید ترقی کر سکے اس موقعے پر انہوں نے یہ عزم کرتے ہوئے کہا کہ آئیں ہم سب مل کر اپنے آباواجداد کے خواب کو پورا کرنے کے لیے مزید محنت کریں اور اپنے پیارے وطنِ عزیز پاکستان کا نام پوری دنیا میں روشن کریں دوسری جانب اسٹیٹ بینک، بینکنگ سروسز کارپوریشن اور ذیلی اداروں کے ملازمین نے پوری دنیا سمیت پاکستان میں کام آباد خصوصا اسٹیٹ بینک اور ذیلی اداروں میں کام کرنے والے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے تمام افسران و ملازمین کو ان کے مذہبی تہوار کرسمس ڈے کے پر مسرت موقع پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کرسمس کا تہوار پاکستان سمیت پوری دنیا میں امن و سلامتی بھائی چارے رواداری ہم آہنگی اور محبت کا پیغام دیتا ہے انہوں نے کہا پاکستان کی ترقی میں دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے اقلیتوں سمیت مسیحی برادری کی بھی گرانقدر خدمات شامل ہیں جبکہ اسٹیٹ بینک کے دیگر ملازمین کی طرح مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے تمام افسران و ملازمین کا ادارے کے استحکام نیک نامی سمیت شہریوں کی خدمت خصوصا ملک وقوم کی ترقی میں اہم کردار ہے جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ بینک مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے اپنے تمام افسران و ملازمین کی خدمات کا معترف ہے اور ہم پرامید ہے کہ وہ اپنی پرانی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے مستقبل میں بھی اسی طرح اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے انہوں نے مزید کہا دعا ہے کہ خوشیوں کا یہ تہوار آپ کی زندگیوں میں امن و خوشحالی لائے اور ہمارے ملک میں مختلف عقائد کے لوگوں کے درمیان بھائی چارے کے رشتوں کو مزید مضبوط جایا جائے

بقیہ نمبر 14

اللہ عنہ کی سیرت مبارکہ پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ رضی اللہ عنہ کی شان بہت منفرد ہے، آپ نے پیارے آقا ﷺ کی ظاہری زندگی میں سترہ بارنمازوں کی امامت فرمائی، یہ اللہ پاک کا کرم ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی محبت ہمارے دل میں موجودہ ہے، آپ رضی اللہ عنہ کے امت پر بے شمار احسانات ہیں، ان کا شکر ہم پر لازم ہے، ہم ان کے احسانات سے سبکدوش نہیں ہوسکتے۔امیر اہل سنت نے کہا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی محبت میں جو ہم کریں وہ کم ہے، ہم اللہ کریم کے پیاروں سے محبت کریں گے تو اللہ پاک بھی ہم سے راضی ہوگا، اس موقع پر امیر اہل سنت نے یوم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ دھوم دھام سے منانے کیلیے اپنی خواہش کا اظہار بھی کیا، ان کا کہنا تھا کہ میری خواہش ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کا دن شایان شان طریقے سے قومی سطح پر منایا جائے، پاکستان سمیت ساری دنیا کے اسلامی ممالک چھٹی کر کے اس دن کو قومی طور پر منائیں، ہر طرف قرآن خوانی ہو، نعت خوانی ہو، آپ کی سیرت پر بیان ہو، ایصال ثواب کی دھوم مچی ہو، اور دنیائے اسلام کو یہ معلوم ہوجائے کہ انبیاء کے بعد سب سے افضل صدیق کبر رضی اللہ عنہ ہیں۔اجتماع کے اختتام پر نیاز صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی تقسیم کی گئی۔

بقیہ نمبر 15

زریعے ہی ایک آزاد وطن پاکستان حاصل کیا۔سید قاسم نوید قمر نے کہا کہ 25 دسمبر پیغمبرِ خدا حضرت عیسی علیہ السلام کی ولادت اور کرسمس کی خوشیوں کے حوالے سے بھی یادگار دن ہے۔سید قاسم نوید قمر نے کہا کہ کرسمس کے تہوار پر وہ دنیا بھر کی مسیحی برادری خصوصا پاکستانی مسیحی کمیونٹی کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔سید قاسم نوید قمر نے کہا آج کے دن پوری پاکستانی قوم امن، انصاف ، رواداری، احترامِ انسانیت قانون کی بالادستی اور اعلی انسانی اقدار کے فروغ کے لئے اپنے ؏عزم کو یاد کرتے اور ان اقدار کیلئے اپنا انفرادی اور اجتماعی مثبت کردار ادا کرنے کا عہد کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 16

شرمندگی ٹرہے۔ میں نے حکومتی اراکین سمیت بورڈ کی میٹنگ میں یہ بات متعدد بار شیئر کی۔ان کو 2 سال قبل این او سی دی گئی تھی۔کسی بھی کام کرنے سے پہلے واٹر بورڈ کو اشتراک میں لیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم اتنے سیاسی ہوگئے ہیں کہ ہم ہر چیز میں سیاست لے آئے ہیں شہر کو پانی کی قلت کا سامنا ہے لیکن ایک جماعت کے لوگ سڑکوں پر پانی ضائع کررہے تھے۔بابا بھٹ کو پانی پہچانے کے دو طریقے ہیں۔گلبائی کے پمپنگ اسٹیشن کے ٹینکنگ میں 50 ہزار گیلن پانی پہنچایا تاکہ بابا بھٹ کو پانی پہنچ سکے۔سیاسی جماعت کے لوگ میرے دفتر کے پانی کے کنکشن کو کاٹ دیتے ۔لیکنجھر سے کراچی کو ملنے والا پانی لامحدود نہیں ہے۔کراچی کی ڈیمانڈ 1100 ملین گیلن ہے۔ہمیں صرف 525 ملین گیلن پانی ملتا ہے۔میں آپکو پریس کانفرنس میں بتاونگا کہ کس کے دور میں ٹینکر آئے۔مرتضی وہاب نے کہا کہ اس شہر کے حقوق و بہتری کے لیے کے ایم سی کوشاں ہیں۔شہر کی ہر سڑک کے ایم سی کی نہیں ہے۔شہر کی 106 بڑی سڑکیں کراچی کی ہیں۔ہم نے وزیراعلی سندھ سے گزارش کی ہے کہ 106 سڑکوں کی تعمیر وترقی کے لیے فنڈ درکار ہیں کے ایم سی نے یونیورسٹی روڈ کے علاوہ 80 فیصد سڑکوں پر کام مکمل کیا ہے۔ہم نے اس دفعہ کوالٹی کا خیال رکھا ہے۔ 106 سڑکوں کے علاوہ نیک فرشتے لوگوں کے پاس 9 ٹاؤن ہیں انکے پاس ہیں یہ زمہ داری مرتضی وہاب کی نہیں بلکہ ٹاؤن چیئرمین کی ہے۔حافظ نعیم الرحمان کی یوسی کے حالات دیکھے ہم نے اے ڈی پی اسکیم کو نکالا اورنگی، کورنگی کی اندرونی گلیوں پر کام ہورہا ہے۔ہم شہر کی ترقی کے لیے کام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے پیارا پاکستان دیا انکے خواب کو پورا کرنے کے لیے ہم پوری کوشش کرینگے۔مسیحی برادری کو بھی کرسمس کی مبارکباد دیتے ہیں، آج کے ایم سی بلڈنگ میں مسیحی اراکین کے ہمراہ کیک بھی کاٹا ہے

بقیہ نمبر 17

ہوکر ہی ملک کو فلاحی ریاست بنایا جاسکتا ہے انتہا پسند اور مغرب کی حمایت یافتہ سیکولر ازم قوتیں پاکستان کی جڑوں کو کھوکھلا کررہی ہیں، دین اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے اسی پر گامزن رہ کر ملک واسلام دشمن قوتوں کو ناکامی کا مزہ چکھایا جاسکتا ہے، ایک موقع پر قائداعظم نے کہا کہ ہمارا دستور قرآن وسنت ہے ہمیں کسی اور دستور کی ضرورت نہیں ہے، قائداعظم کی زندگی ایمان اتحاد اور تنظیم کے زریں اُصولوں کا عملی نمونہ ہے، بھارت میں بڑھتی ہوئی مذہبی منافرت دوقومی نظریئے کی صداقت کو ثابت کرتی ہے، قائداعظم کا یوم ولادت منانے کے ساتھ ان کے ویژن پر گامزن ہوکر ہی پاکستان کو امن ،معاشی استحکام اور ترقی کی بلندی پر لیجاسکتے ہیں، پاکستان سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں ،اقلیتوں کو پاکستان میں مکمل تحفظ حاصل ہے، بھارت سیکولر ملک نہیں مذہبی جنونیت پسند ہے اقلیتوں کو تحفظ کی بجائے مظالم ودہشتگردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 18

پاکستان کا اصول نہیں ہے۔عوام کو بنیادی انسانی مسائل میں الجھا کر سیاست سے دور رکھنے کی سازش زیادہ عرصہ نہیں چل سکے گی۔ کیونکہ ریاست کے وسائل اور سیاست پر قابض مافیاز برے وقت میں اپنے آقاؤں کی امان میں ہوگی۔قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر پاسبان اسٹیئرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے پی ڈی پی کے نے مزید کہا کہ کرپشن کرنے والوں نے قائداعظم محمد علی جناح کے تصور پاکستان کو داغدار کردیا ہے۔حکمرانوں نے لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم کر کے نہ صرف پاکستان کو نقصان پہنچایا بلکہ عوام کو غربت، مہنگائی، تعلیم، صحت کے مسائل سے دوچار کردیا ہے۔عام آدمی کو فوری انصاف نہیں ملتا۔سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولتیں میسر نہیں۔اسکولوں اور کالجوں میں تعلیم کا حصول عام آدمی کے بچوں کے لئے مشکل بنادیا گیا ہے۔وڈیرہ شاہی و لٹیرا شاہی عوام کے سلگتے ہوئے مسائل اور دکھوں کی ذمہ دار ہے،جس نے عوام کو جمہوریت کے ثمرات سے محروم کررکھا ہے

بقیہ نمبر 19

جاکر پوری دنیا میں پوچھیں انہیں یہ پارٹیاں نہیں ملے گی اگر کوئی پارٹی ملے گی تو وہ جماعت اسلامی ہی ملے گی اس لیے مستقبل صرف جماعت اسلامی کا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی ضلع غربی کے جامع مسجد سلمان فارسی شاہ ولی اللہ نگر اورنگی ٹاؤن میں فیملی اجتماع عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماع عام سے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر اسامہ رضی ڈپٹی سکریٹریز جماعت اسلامی پاکستان مولانا عبد الحق ہاشمی، شیخ عثمان فاروق، جماعت اسلامی کراچی کے جنرل سیکرٹری توفیق الدین صدیقی جمعت اتحاد العلما کراچی کے ناظم اعلی مولانا عبدالوحید امیر ضلع غربی مدثر حسین انصاری ودیگر نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر سابق امرائے اضلاع اشرف اعوان صفات احمد صدیقی عبدالرزاق خان، سکریٹری اطلاعات زاہد عسکری، مولانا فضل احد ضلع غربی کے جنرل سیکرٹری عبدالحنان خان ودیگر بھی موجود تھے۔مدثر حسین انصاری نے نائب امیر کراچی محمد اسحٰق خان، سابق امرائے اضلاع کو ان کی خدمات پر شیلڈز بھی پیش کیں۔امیر العظیم نے مزید کہا کہ صرف اعلان نہیں پوری دنیا میں اللہ کی بڑائی قائم ہونا ضروری ہے جب تک یہ امت کا رنبوت اور اقامت دین سے وابستہ رہی تو امامت وقیادت کے منصب پر فائز رہی اور جیسے ہی ہم نے دین حق کو حصوں میں تقسیم کرنا شروع کردیا ذلت ورسوائی مقدر بن گئی مسلمانوں نے امامت صغری کو تو اہمیت دی مگر امامت کبری کو نظرانداز کردیا، سیاست سے دین کو نکال دیا گیا نمائشی اسلام سے نکل کر حقیقی اسلام کی روح پر عمل کرنا اور اس کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی اور یہ کام ادخلوفی السلم کافہ کا مصداق بن کر ہی کیا جاسکتا ہے۔مدینے کی ریاست کسی فرد نے نہیں بنائی تھی مدینے کی ریاست ایک انعام ہوا کرتا ہے اور یہ رب کی کبریائی بیان کرنے کی وجہ سے ملا کرتا ہے، اس کے بغیر کارکنان اپنے کام کو آگے نہیں بڑھا سکتے اس کے لیے پیغام رسانی کے تمام ٹولز کو استعمال کرنا ہوگا۔ اجتماع میں بڑی تعداد میں نئے ممبران اور ان کی فیملی نے بھی شرکت کی۔ڈاکٹر اسامہ رضی نے کہا کہ اسرائیل امریکہ کے ساتھ مل کر اہل غزہ و فلسطین کے مسلمانوں کی مسلسل نسل کشی کررہا ہے، موجودہ حالات میں امت مسلمہ کے حکمران سوائے زبانی جمع خرچ کے کچھ نہیں کررہے، جماعت اسلامی کے تحت اہل غزہ وفلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے 29 دسمبر کو اسلام آباد میں فلسطین یکجہتی ملین مارچ منعقد کیا جائے گا۔مدثر انصاری نے کہا کہ کارکنان ہمہ وقت خود کو حالات سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار رکھیں جماعت اسلامی کا کارکن ہر وقت میدان عمل میں ہوتا ہے اور ہر طرح کی صورتحال کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہتا ہے انہوں نے کم وقت میں اجتماع عام کی شاندار تیاریوں اور کامیابی پر کارکنان سے اظہار تشکر کرتے ہوئے ان کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا۔#

بقیہ نمبر 20

انہوں نے کہا کہ ہم مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، مسیحی برادری نے ہمیشہ ملک کی ترقی، تعلیم، صحت، اور دیگر شعبوں میں شاندار خدمات انجام دی ہیں۔شاہی سید نے کہا کہ اقلیتی برادری کی قربانیوں اور محنت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، اے این پی تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے .انہوں نے مذید نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اے این پی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، مسیحی برادری کی ملک وقوم کیلئے خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں.

بقیہ نمبر 21

کے عزم کو مضبوط کرتے ہیں۔کلچرل ڈے کا مقصد صرف ثقافت کا جشن منانا نہیں بلکہ ملک بھر میں بھائی چارے، محبت اور یکجہتی کا پیغام دینا ہے۔یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز منائے گئے مہاجر کلچرل ڈے کے موقع پر ریلی اور لیک کاٹنے کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ اخلاق سونی نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کا روشن مستقبل اسی صورت میں ممکن ہے جب ہم سب مل کر ملک کی ترقی کے لیے کام کریں اور ایک دوسرے کی ثقافتوں کا احترام کریں۔انہوں نے اس موقع پر مہاجر قوم کی قربانیوں اور ان کے پاکستان کی ترقی میں کردار کو سراہا اور کہا کہ اس دن کی تقریبات میں مختلف قومیتوں کے افراد کا شامل ہونا ہمارے اتحاد کی علامت ہے۔اخلاق سونی نے اس بات پر زور دیا کہ مہاجر کلچرل ڈے ایک جشن نہیں بلکہ ایک عہد ہے کہ ہم سب ایک ساتھ مل کر ایک مضبوط، پرامن اور متحد پاکستان کی تعمیر کی جانب قدم بڑھائیں گے۔تفصیلات کے مطابق مہاجر ثقافت کے دن کی تقریبات مکمل طور پر کامیابی کے ساتھ منائی گئیں، جس میں مہاجر کمیونٹی کی تاریخ، ثقافت اور ان کی قربانیوں کو اجاگر کیا گیا۔اس دن کے موقع پر مختلف ثقافتی پروگرامز، ورکشاپس اور تقریبوں کا انعقاد کیا گیا، جس میں مہاجر کمیونٹی کے علاوہ دیگر قومیتوں نے بھی بھرپور شرکت کی۔اس موقع پر کورنگی میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مہاجر کمیونٹی سمیت مختلف قومیتوں کے افراد نے شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر خصوصی کیک کاٹا گیا جس کا مقصد اتحاد، محبت اور بھائی چارے کو فروغ دینا تھا۔تقریب میں ثقافتی پرفارمنسز، روایتی کھانوں کی نمائش، نغمے اور شاعری کی محافل کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 22

انقلاب پر مزدور رہنماوں سید ذوالفقار شاہ، راجہ عاصم شہزاد، اکرام خان، پنحل مگسی، جن زیب، اشرف اعوان، عمران علی، عباس احمد، سید غلام شاہ، محمد نذیر تبسم، عزیز میر بلوچ، ندیم شیخ ایڈوکیٹ، سلیم مائیکل۔ ایڈوکیٹ، ملک افراسیاڈوکیٹ، مزمل شاہ، عبدالوسام، گل اسلام، ملک اعجاز۔ میونسپل کمشنر ماری پور ٹاؤن جاوید قمر، میونسپل کمشنر اورنگی آغا فہد اور میونسپل کمشنر منگھوپیر آغا خلیق نے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 23

علی بھٹو جمبوموٹ کی اختتامی تقریب اور تقسیم اعزازات وایوارڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر موٹ ڈائریکٹر محمد حسین مرزا، امام بخش ناگور، رضا شیخ اور دیگر موجود تھے ،تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرمین جسٹس) (حسن فیروز نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ سندھ میں اسکاؤٹس کی سرگرمیاں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں اور سندھ کے اسکاؤٹس ہر میدان میں دوسروں پر سبقت رکھتے ہیں۔ اسکاؤٹنگ ایک عالمگیر تحریک ہے اور اس تحریک سے وابستہ بچے ، نوجوان اور بزرگ سب متحرک نظر آتے ہیں کیونکہ یہ ایک تحریک ہے جو خدمت کے جذبہ سے سرشار لوگوں سے منسلک ہے ہمیں اس کامیاب شہید ذوالفقار علی بھٹو جمبوموٹ کو منعقد کرنے پر سندھ بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے صوبائی سیکریٹری سید اختر میر اور ان کی تمام ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے صوبائی کمشنر سید ممتاز علی شاہ کی قیادت اور چیف پیٹرن محمد صدیق میمن کی سرپرستی میں اس ایونٹ کو منعقد کیا۔تقریب میں کلمات استقبالیہ ادا کرتے ہوئے صوبائی اسکاؤٹس سیکریٹری سید اختر میر نے جمبوموٹ کے حوالے سے تفصیلی روشنی ڈالی اور بتایا کہ اس جمبوموٹ میں سندھ کے تمام اضلاع کے ساتھ ساتھ پنجاب ، بلوچستان ، خیبر پختونخواہ ، اسلام آباد، پی آئی اے ، ریلوے اور STEVTA کے 1500 سے زائد اسکاؤٹس اور روورز شریک ہیں اور ہم آئندہ ماہ STEVTA کے تمام اداروں میں اسکاؤٹنگ کا آغاز کرنے جا رہے ہیں ، ابتدائی مرحلے میں اداروں کے ٹیچرز کو تربیت فراہم کی جائے گی ۔موٹ ڈائریکٹر محمد حسین مرزا کا کہنا تھا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو جمبوموٹ اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ تحریک سندھ بھر میں فروغ پا رہی ہے ۔تقریب میں مہمان خصوصی کی خدمت میں جمبوموٹ کا سووینئر پیش کیا گیا جبکہ ان کی آمد پر اسکاؤٹس نے واک پاسٹ اور ٹیبلوز پیش کئے ،تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی نے موٹ میں شریک دیگر صوبوں کے اسکاؤٹس کا ٹینٹ اور موٹ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین میں شیلڈز اور ایوارڈ تقسیم کئے۔

بقیہ نمبر 24

ہو رہا ہے۔تیل اور گیس کی صنعت کے حکام کے مطابق گزشتہ چار مہینوں میں پیدا ہونے والے اثرات 192 ملین ڈالر تک آئے، مزید برآں، گیس کی کمی کی وجہ سے خام تیل کی پیداوار رک جانے سے 5 ارب روپے کا اثر پڑا ہے۔حکام نے کہا کہ درآمدی ایل این جی کی 329 ایم ایم سی ایف ڈی کی قیمت چار ماہ کے عرصے میں 500 ملین ڈال